24.01.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... مہتاب عالم

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں 2025 کی یومِ جمہوریہ تقریبات میں شرکت کرنے والے NCC کیڈٹس، جھانکیاں بنانے والے فنکاروں اور قبائلی مہمانوں سے ملاقات کریں گے۔

2- آج ملک بھر میں بچیوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نے بچیوں کو بااختیار بنانے کے حکومت کے عزم کو دوہریا ہے اور بچیوں کیلئے بہت سے موقعے فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔

3- دلی اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ جیسا کہ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں حمایت حاصل کرنے کیلئے ووٹروں کو اپنی طرف راغب کررہے ہیں۔

4- امریکہ کے وفاقی جج نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس حکم پر عارضی طور پر روک لگا دی ہے جس میں پیدائشی طور پر شہریت دیئے جانے کو ختم کیا گیاہے۔ جج نے اِسے ایک اندھا دھند غیر آئینی حکم قرار دیا ہے۔

5- اور آسریلیا اوپن ٹینس میں Alexander Zverev، نوواک چوکووِچ کے چوٹ لگ جانے کے سبب میچ کے دوران ہی ریٹائر ہونے کے بعد، مردوں کے سنگلز میں داخل ہوگئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے...........

PM - NCC CADETS

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، 2025 کی یومِ جمہوریہ تقریبات میں شرکت کرنے والے NCC کیڈٹس، NSS رضاکاروں، نوجوانوں کے رابطہ پروگرام کے کیڈٹس، جھانکیوں کے فنکاروں اور قبائلی مہمانوں سے ملاقات کریں گے۔ اِس پروگرام کا اہتمام وزیر اعظم کی رہائش گاہ 7 لوک کلیان مارگ پر کیا گیا ہے، جس کے دوران جناب مودی جھانکیوں کے اُن فنکاروں سے بات چیت کریں گے، جو یہ جھانکیاں تیار کرتے ہیں اور اُنہیں کوئی نہیں جانتا۔ وہ اس سال یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں شامل ہونے والے NCC کیڈٹس سے بھی بات چیت کریں گے۔

National Girl Child Day

آج پورے ملک میں بچیوں کا قومی دن منایا جارہا ہے، جس میں سماج میں بچیوں کے حقوق، تعلیم، صحت اور حفاظت کے بارے میں بیداری میں اضافہ کرنے پر خاص توجہ دی جارہی ہے۔ یہ دن ہر سال 24 جنوری کو منایا جاتا ہے، جس کا مقصد ہر ایک بچی کے ساتھ عزت و وقار کا رویہ رکھنے کی یاد دہانی کرانا اور اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ اُنہیں بڑھنے، پڑھنے اور نمایاں کام کرنے کیلئے برابری کے موقعے فراہم کئے جائیں۔ اِس دن ’بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ‘ اسکیم کی سالگرہ بھی ہوتی ہے، جس کا آغاز وزیراعظم نریندر مودی نے 2015 میں کیا تھا۔ اِس پہل کا مقصد بچیوں کو رحمِ مادر میں ہی ہلاک کردینے، بچیوں کی شادی اور صنفی تفریق جیسے سنگین مسائل کا خاتمہ کرنا نیز بچیوں کی تعلیم، صحت اور حفاظت میں اضافہ کرنا ہے۔

2025 کے بچیوں کے قومی دن کا موضوع ہے: ”ایک تابناک مستقبل کیلئے بچیوں کو بااختیار بنانا“

اِس موضوع کے تحت بچیوں کو برابری کے موقعے فراہم کرنے کی ضرورت کو اُجاگر کرناہے تاکہ وہ سماج میں اپنے رول کو دوبارہ منظم کرتے ہوئے اپنے مستقبل کی طرف بڑھ سکیں اور اُسے تشکیل دے سکیں۔

بچیوں کا قومی دن، خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے بھارت میں پہلی بار 2008 میں منایا تھا۔

PM Girl Child

وزیر اعظم نریندر مودی نے بچیوں کے قومی دن کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ حکومت نے تعلیم، ٹیکنالوجی، ہُنر، صحت کی دیکھ بھال جیسے شعبوں پر توجہ مرکوز کی ہے، جس سے بچیوں کو بااختیار بنانے میں مدد ملی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُر عزم ہے کہ بچیوں کے خلاف کسی طرح کی تفریق نہ ہو۔ جناب مودی نے بچیوں کو بااختیار بنائے جانے کے عمل کو جاری رکھنے کے حکومت کے عزم کو بھی دوہریا اور اُن کے وسیع موقعے فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

انہوں نے کہا کہ ملک کو سبھی میدانوں میں بچیوں کی کامیابیوں پر فخر ہے اور اُن کے اِن کارناموں سے ہر ایک کو تحریک حاصل ہوتی رہے گی۔

VP Bihar

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا ہے کہ بھارت رتن کرپوری ٹھاکر ایک حقیقی دانشمند تھے اور وہ ایک ایسے دوراندیش سیاستداں تھے جنہوں نے مختلف اصلاحی اقدامات کئے، جن کی وجہ سے بہار میں ایک نیا سماجی انقلاب آیا۔

آج سمستی پور میں کرپوری گرام میں، بھارت رتن کرپوری ٹھاکر کے 101ویں یوم پیدائش کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدرجمہوریہ نے کہا کہ بہار میں سماجی انصاف، مادری زبان میں تعلیم اور مختلف ذاتوں کے مابین شادیوں کو فروغ دینا، اِن انقلابی اقدامات میں سے کچھ اقدامات میں ہیں، جن سے کرپوری ٹھاکر کی عظیم دانشمندی ظاہر ہوتی ہے۔

Delhi Election Rallies

دلّی میں 5 فروری کو ہونے والے اسمبلی انتخابات سے پہلے سبھی بڑی سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں نے ووٹروں کو راغب کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V-C Pallavi

ریلیوں اور روڈ شو سے لے کر گھر گھر چلائی جانے والی انتخابی مہم تک BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے سرکردہ رہنما اپنے امیدواروں کی حمایت میں ووٹروں کو راغب کرنے میں سرگرم ہیں۔ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی آج شام نئی دلّی حلقے میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کریں گے۔ سینئر BJP رہنما اور سابق مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر منگول پوری، نئی دلّی اور دُوارکا اسمبلی حلقوں میں مختلف عوامی جلسے کریں گے۔دوسری طرف عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اور دلّی کے سابق وزیراعلیٰ اروند کجریوال نجف گڑھ، اتم نگر اور دوارکا میں روڈ شو کریں گے۔

اِس کے علاوہ سینئر کانگریس رہنما راہل گاندھی مادی پور حلقے میں پارٹی کے امیدوار JP Panwar کی حمایت میں ایک بڑی ریلی کریں گے۔

Rajnath Singh

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج نئی دلی میں میدان جنگ میں نگرانی کے نظام SANJAY کا آغاز کیا۔ اِس نگراں نظام سے میدان جنگ میں شفافیت میں اضافہ ہوگا اور مستقبل کے میدان جنگ میں یکسر تبدیلی آجائے گی کیونکہ یہ نظام جدید ترین حساس اور تجزیہ کرنے والے آلات سے لیس ہے۔ اِس نظام کو بھارتی فوج میں اس سال مارچ سے شروع ہونے والے تین مرحلوں میں شامل کیا جائیگا۔

وزارت دفاع کے مطابق اِس نظام سے خفیہ معلومات، نگرانی اور دشمن پر باریکی سے نظر رکھنے کی صلاحیت میں کئی گنا اضافہ ہوگا۔

JPC

اپوزیشن کے دس ارکان پارلیمنٹ کو، وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق، پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کی آج کی میٹنگ سے معطل کردیا گیا ہے۔ اِن ارکان کو شوروغل کی وجہ سے معطل کیا گیا ہے۔

ذرائع نے بتایا کہ ان ارکان میں TMC کے کلیان بنرجی، DMK کے اے راجہ، کانگریس کے ارکان پارلیمنٹ ناصر حسین اور عمران مسعود نیز سماجوادی پارٹی کے محب اللہ شامل ہیں۔

Halwa Ceremony

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج نئی دلی میں مرکزی بجٹ کی تیاری کے عمل کے پہلے مرحلے کا آغاز کریں گی جسے حلوا تقریب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ روایت کے مطابق اُن کے ساتھ خزانے کی وزیر مملکت پنکج چودھری، سکریٹریز اور سینئر افسران بھی ہوں گے۔ 2025 کا مرکزی بجٹ پارلیمنٹ میں اگلے مہینے کی پہلی تاریخ کو پیش کیا جائے گا۔

X

Ashwini Vaishnaw

اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے داووس میں 2025 کے عالمی اقتصادی فورم میں، NTT Data کے چیف ایگزیکٹو افسر ابھیجیت دوبے اور Blackrock کے صدر چیف آپریٹنگ آفیسر راج راؤ سے بات چیت کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے لکھا ہے کہ انھوں نے مواصلاتی ٹیکنالوجیز میں تازہ ترین پیشرفت، ریلویز میں توسیع اور سرکاری بنیادی ڈھانچے میں سرکاری وغیرہ پر بات چیت کی ہے۔

Ashwini Vaishnaw on AI

Mahakumbh Railways Helath

اور اب خبریں مہا کنبھ کی۔

بھارتیہ ریلویز نے پریاگ راج ڈویژن کے تحت آنے والے سبھی ریلوے اسٹیشنوں پر وسیع انتظامات کیے ہیں، تاکہ عقیدتمندوں کو طبی خدمات فراہم کی جاسکیں۔

آکاشوانی سے بات چیت میں نارتھ سینٹرل ریلوے کے چیف پبلک ریلیشنز آفیسر ششی کانت ترپاٹھی نے بتایا کہ 29 جنوری کو Mauni Amavasya کے موقع پر عقیدتمندوں کے بڑے ہجوم کے امکانات کے پیش نظر طبی ٹیمیں اور نیم طبی عملہ پوری طرح تیار رہے گا۔ انھوں نے بتایا کہ پریاگ راج جنکشن اور دیگر آٹھ ریلوے اسٹیشنوں پر کُل 34 میڈیکل بوتھوں پر ڈاکٹر اور نیم طبی عملہ کام کررہا ہے۔

پریاگ راج جنکشن، نینی صوبے دار گنج اور پریاگ اسٹیشن سمیت پانچ اسٹیشنوں پر طبی معائنے کے لیے کمرے بنائے گئے ہیں، تاکہ کسی بھی طرح کی فوری طبی ضرورت کو پورا کیا جاسکے۔

اِس کے علاوہ ریلوے اسٹیشنوں پر ایمبولنسز کو بھی تعینات کیا گیا ہے۔x

US Court

امریکہ میں ایک وفاقی جج نے، کَل صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس ایگزیکٹو آرڈر پر روک لگا دی ہے، جس میں ملک میں غیر قانونی طور پر یا عارضی ویزا پر رہنے والے والدین کے بچوں کو امریکی شہریت دینے سے انکار کیا گیا ہے۔

امریکہ کے ضلع جج John Coughenour نے 14 دن کی یہ عارضی بندش جاری کی ہے اور اِس ایگزیکٹو آرڈر کو ایک اندھا دھند غیرآئینی آرڈر قرار دیا ہے۔ اِس آرڈر کو امریکہ کی کئی ریاستوں کی طرف سے چیلنج کیا گیا تھا، جس کے مطابق 19 فروری کے بعد پیدا ہونے والے اُن بچوں کو شہریت نہیں دی جائے گی جن کے والدین ملک میں غیرقانونی طور پر یا عارضی ویزا پر رہ رہے ہیں۔X

AUS OPEN TENNIS

آسٹریلیا اوپن ٹینس میں دوسرے درجے کے جرمنی کے Alexander Zverev، مردوں کے سنگلز کے فائنل میں داخل ہوگئے ہیں۔ اِس سے پہلے آج میلبرن میں Rod Laver Arena میں سیمی فائنل میچ کے دوران ساتویں درجے کے Novak Djokovic ریٹائر ہوگئے ہیں۔

ایک حیرت انگیز قدم کے طور پر دس بار کے آسٹریلیا اوپن کے چمپئن Djokovic کو پہلے سیٹ میں چوٹ لگنے کی وجہ سے سات-چھ سے ہارنے کے بعد ریٹائر ہونا پڑا۔X

★★★★